قارئین

افکار و تاثرات

جمال الدین افغانیؒ سید عبدالجبار ستھانوی | آج مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی کی مزاج پرسی کے لئے دفتر برہان گیا تو مئی کا الحق نظر افروز ہوا اس کے صفحہ ۳۹ پر خازن صاحب کے مضمون میں سید جمال الدین افغانی کے سلسلہ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ " افغانی مرحوم کا سلسلۂ نسب سید عبدالجبار استھانوی والئ امب سے جا ملتا ہے۔ اور یہ کہ سید عبدالجبار ہندوستان کی پہلی اسلامی تحریک کے روح رواں اور حضرت سید احمد بریلوی کے رفیق کار تھے۔" مجھے اس سے سخت حیرت ہوئی مجھے ذاتی طور پر معلوم ہے کہ سید عبدالجبار ستھانوی قادیانی تھے وہ غالباً تقسیم ہند تک حیدرآباد دکن میں بجرم قادیانیت جلاوطنی کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اب کہاں ہیں کہاں نہیں۔ اسی طرح کسی کتاب میں نہیں پڑھا کہ سید احمد بریلویؒ کے رفقاء کار میں کوئی سید عبدالجبار ستھانوی بھی ہوا کرتے تھے یا یہ درست ہے کہ کسی نہ کسی واسطہ سے ان کے خاندان سے تعلق ضرور تھا مگر ان کی زندگی میں وہ عدم میں تھے وجود میں ہرگز نہیں۔ اسی طرح سید عبدالجبار امب دربند کے والیوں میں نہیں تھے۔ مقالہ نگار وضاحت فرما سکیں تو بہتر ہو گا۔

خان غازی کابلی کوچہ رحمان دہلی ۶

جماعت مجاہدین | میں ہندوستان سے صرف ایک ہی جذبہ لایا ہوں اور جس کے لئے میں واپسی کے دو دن بعد سید احمد بریلویؒ اور شاہ اسماعیلؒ کی قائم کردہ جماعت۔ جماعت مجاہدین کے احیاء کا اعلان کیا ہے۔ اور چاہتا ہوں کہ اسے ملک بھر میں منظم کیا جائے اور یہ جماعت خالصتہً مذہبی حیثیت سے کام کرے گی۔ آپ اور سرحد کے غیور علماء اگر اسی سلسلہ میں میری تائید کریں تو یہ مدنی مکتب فکر پر بہت بڑا احسان ہو گا۔

احمد سعید لدھیانوی۔ جامعہ مدنیہ گٹ والا چک ۱۹۹ ب شیخوپورہ روڈ

ٹی وی اور مسجد | جنگ ۱۰ جون کی اشاعت میں طارق عزیز کا یہ بیان کہ ٹی وی میرے لئے مسجد کا درجہ رکھتا ہے۔ شعائر اسلامی کی توہین اس سلسلہ میں احتجاج کی ضرورت ہے مسجد اللہ کے گھر کو بیہودہ فحبہ گری کا فن سکھانے والے ادارے سے ملانا شعائر اسلامی کی کھلی توہین ہے۔

محمد منصور الزمان صدیقی ٹرسٹ۔ کراچی